رول نمبر | شہریت | جوابی کاپی کا سیریل نمبر

انٹرمیڈیٹ (پارٹ-II) 022/1 (حصہ معروضی)

دستخط امیدوار | فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے) | دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز

---

# انٹرمیڈیٹ (پارٹ-II) 022/1 (حصہ معروضی)

## شہریت

وقت : 30منٹ

کل نمبر: 20

AJK-22

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر /مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (20)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مسلم لیگ کا قیام کب عمل میں آیا۔ | 1905ء | 1906ء | 1907ء | 1908ء |
| 2 | علامہ اقبال نے کس شہر میں 1930ء میں اپنا مشہور خطبہ دیا؟ | الٰہ آباد | دہلی | لاہور | کراچی |
| 3 | لوکل کونسلوں کا نظام برطانوی حکومت نے ہندوستان میں کب متعارف کروایا؟ | 1860ء | 1875ء | 1881ء | 1883ء |
| 4 | محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا قیام کب عمل میں آیا؟ | 1880ء | 1883ء | 1886ء | 1898ء |
| 5 | برصغیر میں دوقومی نظریہ کی اصطلاح سب سے پہلے کس نے استعمال کی؟ | نہرو | سرسید احمد خاں | گاندھی | قائداعظم |
| 6 | بنیادی اصولوں کی کمیٹی کی عبوری رپورٹ کب پیش کی گئی؟ | 1950ء | 1951ء | 1952ء | 1953ء |
| 7 | سینٹ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟ | 100 | 104 | 150 | 342 |
| 8 | پاکستان میں قومی اسمبلی کی میعاد کتنی ہے؟ | 5 سال | 6سال | 2سال | 1 سال |
| 9 | پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کے سپیکر کون تھے؟ | تمیز الدین | لیاقت علی خاں | سرعبدالرشید | محمد علی بوگرہ |
| 10 | محمد علی بوگرہ فارمولا کب اسمبلی میں پیش کیا گیا؟ | 1950ء | 1953ء | 1956ء | 1958ء |
| 11 | جماعت اول سے پنجم تک کی تعلیم کیا کہلاتی ہے؟ | پرائمری | فاصلاتی | یونیورسٹی | سیکنڈری |
| 12 | یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کہاں ہے؟ | لاہور | ملتان | کوئٹہ | کراچی |
| 13 | سرکاری اداروں اور ملازمتوں میں معذور افراد کا کوٹہ کتنا ہے؟ | 1% | 2% | 3% | 10% |
| 14 | پاکستانی قومیت کی واحد بنیاد کون سی ہے؟ | زبان | اتحاد | علاقہ | اسلام |
| 15 | پاکستان میں 1958ء میں کون سا واقعہ پیش آیا؟ | اسلام آباد بنا | الیکشن ہوئے | مارشل لاء لگا | کوئی نہیں |
| 16 | ضلع میں پولیس کا سربراہ کون ہوتا ہے؟ | چیئرمین | ناظم | ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر | اسسٹنٹ کمشنر |
| 17 | حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کس علاقے کے گورنر تھے؟ | شام | یمن | ایران | عراق |
| 18 | پاکستان اور بھارت کے درمیان آگرہ کانفرنس کب ہوئی؟ | 1999ء | 2000ء | 2001ء | 2005ء |
| 19 | پاکستان اور ایران کی سرحد کی لمبائی کیا ہے؟ | 830 کلومیٹر | 900 کلومیٹر | 1000 کلومیٹر | 2252 کلومیٹر |
| 20 | 24 اکتوبر 1945ء کو کس ادارے کا قیام عمل میں آیا؟ | اقتصادی تعاون کی تنظیم | اقوام متحدہ | اسلامی کانفرنس کی تنظیم | علاقائی تعاون برائے ترقی |

(ختم شد)

www.taleem360.com

022/1

انٹر میڈیٹ

رول نمبر ..........

وقت : 2:30 گھنٹے

کل نمبر: 80

# شہریت

پارٹ - II

(حصہ انشائیہ)

## 〈حصہ اوّل〉

AJK-22

**-2 کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (16 = 8 x 2)

| | |
|---|---|
| i | نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟ |
| ii | محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے قیام کے دو مقاصد تحریر کیجیے۔ |
| iii | ڈپٹی نذیر احمد کی دو تصانیف کے نام تحریر کیجیے۔ |
| iv | دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟ |
| v | محمد علی بوگرہ فارمولا کے دو نکات تحریر کیجیے۔ |
| vi | قراردادِ مقاصد کے دو نکات تحریر کیجیے۔ |
| vii | پاکستان کے پہلے چیف جسٹس کون تھے؟ |
| viii | صحت سے کیا مراد ہے؟ |
| ix | افراطِ آبادی کے دو نقصانات تحریر کیجیے۔ |
| x | معاشرتی نظم و ضبط سے کیا مراد ہے؟ |
| xi | قومی یک جہتی کے دو مسائل تحریر کیجیے۔ |
| xii | خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟ |

**-3 کوئی سے آٹھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (16 = 8 x 2)

| | |
|---|---|
| i | دو ایوانی مقننہ سے کیا مراد ہے؟ |
| ii | مجیب الرحمان کا چھ نکاتی فارمولا کیا تھا؟ |
| iii | دوہری شہریت سے کیا مراد ہے؟ |
| iv | گورنر جنرل نے پہلی بار اسمبلی کیوں منسوخ کی؟ |
| v | 1962ء کے آئین کے تحت پاکستان کتنے صوبوں پر مشتمل تھا؟ |
| vi | مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں ہندوستان کا کردار کیا تھا؟ |
| vii | قراردادِ مقاصد کے دو نکات لکھیں۔ |
| viii | امریکی صدر ٹرومین نے قائداعظم کے بارے میں کیا کہا؟ |
| ix | 1973ء کے آئین میں ترمیم کا طریقہ کیا ہے؟ |
| x | صدر کا مواخذہ کیوں کیا جاتا ہے؟ |
| xi | وزیراعظم کا انتخاب کیسے کیا جاتا ہے؟ |
| xii | ریفرنڈم سے کیا مراد ہے؟ |

**-4 کوئی سے نو سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (18 = 9 x 2)

| | |
|---|---|
| i | لفظ نظریہ کی وضاحت کریں۔ |
| ii | نظریہ پاکستان کے حوالے سے 1930ء میں علامہ اقبال کے تاریخی الفاظ لکھیں۔ |
| iii | تحریک علی گڑھ میں سرسید کے دو رُفقاء کے نام لکھیں۔ |
| iv | علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کن دو زبانوں میں چھپتا تھا؟ |
| v | پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کی تشکیل تحریر کیجیے۔ |
| vi | محمد علی بوگرہ فارمولہ کیا تھا؟ |
| vii | اسلامی مشاورتی کونسل کیا ہے؟ |
| viii | صوبائی تعصبات سے کیا مراد ہے؟ |
| ix | لاہور میں موجود دو میڈیکل کالجوں کے نام لکھیں۔ |
| x | معاشرتی نظم و ضبط کا مفہوم تحریر کیجیے۔ |
| xi | پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی کے دو طریقے لکھیں۔ |
| xii | خارجہ پالیسی کا مفہوم تحریر کیجیے۔ |
| xiii | پاکستان کی خارجہ پالیسی کے دو عوامل لکھیں۔ |

## 〈حصہ دوم〉

**نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** (30 = 3 x 10)

| | | |
|---|---|---|
| 5 | سرسید احمد خان کی تعلیمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔ | 10 |
| 6 | پارلیمنٹ کے اختیارات پاکستان میں اسے سب سے زیادہ طاقتور ادارہ بناتے ہیں۔ 1973ء کے آئین کے تحت پارلیمنٹ کے اختیارات کا جائزہ لیں۔ | 10 |
| 7 | 1973ء کے آئین کے اہم خدوخال تحریر کیجیے۔ | 10 |
| 8 | پاکستان کا تعلیمی ڈھانچہ اور تعلیم کی اقسام پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 10 |
| 9 | مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی وجوہات تحریر کیجیے۔ | 10 |

www.taleem360.com